# نشٹھا

اسکولوں کے سربراہوں اور اساتذہ کی
جامع پیش رفت کے لیے قومی پہل

## تربیتی پیکیج
## برائے فروغِ اسکولی قیادت

विद्यया ऽमृतमश्नुते

एन सी ई आर टी
NCERT


نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ
NATIONAL COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING

# پیش لفظ

اسکول کی سطح پر بچوں کی تعلیم ایک اہم معاملہ ہے۔اس کا مقصد ان بچوں میں نئی صورت حال میں لچک دار اور تخلیقی طریقے سے ردعمل ظاہر کرنے کی اہلیت اور اپنی و دوسروں کی بہبود کا احساس پیدا کرنا اور ان کی ہمہ جہت نشو و نما کو ان کا جامع فروغ دینا ہے۔اساتذہ اس مقصد کے حصول میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔اس مقصد کے تحت قبل ملازمت اساتذہ کے تعلیمی پروگرام میں جہت نمائی کے ساتھ ساتھ ان میں مہارتوں کے فروغ پر بھی زور دیا جاتا ہے۔البتہ اس بات کا مشاہدہ کیا جاسکتا ہے کہ جو کچھ قبل ملازمت اساتذہ کی تعلیم کے دوران پڑھایا گیا ہے اور جو کچھ اسکولوں میں نافذ کیا جاتا ہے، اس میں کافی فرق ہوتا ہے۔نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ (این سی ای آر ٹی) کے ذریعے کلاس روم سے متعلق مطالعات میں واضح طور پر انکشاف کیا گیا ہے کہ تدریس و آموزش کے عمل میں زیادہ تر اسکولوں میں نصابی کتب پر زیادہ توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔

اس لیے یہ محسوس کیا گیا کہ طلبا کو ز تدریسیات، آموزشی ماحصل، اسکول پر مبنی اندازۂ قدر اور ریاستی سطح کے تعلیمی کارکنوں کی ساجھے داری میں مضامین کے لیے مخصوص تدریسیات جیسے اسکولی تعلیم کے حالیہ سروکار سے متعلق ہر استاد اور ہیڈ ٹیچر کی صلاحیت سازی کی ضرورت ہے۔اس مربوط ماڈیول کو تجرباتی طور پر ریاست تری پورہ میں کامیابی سے نافذ کیا گیا اور اسے پورے ملک میں توسیع دینے کی تجویز تیار کی گئی۔انسانی وسائل کے فروغ کی وزارت (MHRD) میں سمگر شکشا کے پروجیکٹ مشاورتی بورڈ نے 20-2019 کے لیے اس تجویز کو منظوری دے دی ہے۔حکومت ہند کی وزارت برائے فروغ انسانی وسائل نے اسے پورے ملک میں توسیع دینے کا فیصلہ کیا۔ایم ایچ آر ڈی کی پہل 'نشٹھا' (اسکول کے سربراہوں اور ٹیچروں کی جامع فروغ کی قومی پہل) کے تحت این سی ای آر ٹی اور این آئی ای پی اے کے ذریعہ ایلمنٹری سطح پر 42 لاکھ ٹیچروں اور اسکول سربراہوں کو تربیت دینے کی پہل ایک قابل ستائش کوشش ہے۔نشٹھا کو نافذ کرنے کے لیے دو طرح کے تربیتی پیکیج تیار کیے گئے ہیں جن میں ایک اساتذہ کے لیے اور دوسرا اسکول کے سربراہوں اور نظام کی سطح پر کام کرنے والوں کی تربیت کے لیے ہے۔اساتذہ کی تربیت کے پیکیج میں 12 ماڈیول شامل ہیں جو مختلف موضوعات، جیسے تعلیمی نصاب، طلبا مرکوز تدریسیات، شمولیت والی تعلیم، ذاتی و معاشرتی خصوصیات، محفوظ اور معتبر اسکولی ماحول، صحت اور فلاح و بہبود، فنون سے مربوط آموزش، اطلاعاتی و مواصلاتی ٹیکنالوجی (ICT) وغیرہ کا تدریس و آموزش، اسکول پر مبنی اندازۂ قدر، اعلیٰ فکری صلاحیت، کثیر لسانیت، لسانیات کی تدریسیات، ریاضی کی تدریسیات، سائنس کی تدریسیات، ماحولیاتی مطالعہ کی تدریسیات اور سماجی علوم کی تدریسیات میں احاطہ کرتی ہیں۔اس پیکیج کو اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ اسے اساتذہ کے ساتھ ساتھ کلیدی اساتذہ بھی مؤثر طور پر استعمال کرسکتے ہیں۔ماڈیول میں توجہ کا مرکز متن

نہیں ہے بلکہ 21ویں صدی کی اہلیتیں تیار کرنے کی خاطر تدریسیات ہے جس میں ایسا خودآموزشی متن اور سرگرمیاں شامل ہوں جو کلیدی اساتذہ (KRPs) اور اساتذہ کی اپنے اجلاس اور کلاسوں کی منصوبہ بندی میں رہنمائی کرسکیں۔

اکیڈمک ماحصل کے ساتھ اساتذہ سے تعاون کی خاطر اسکول سربراہوں کو مشترکہ پلیٹ فارم پر لانے کے مقصد میں اس پیکیج کو نئی دلّی کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشنل پلاننگ اینڈ ایڈمنسٹریشن (NIEPA) میں نیشنل سینٹر فار اسکول لیڈرشپ (NCSL) کے اشتراک سے تیار کیا گیا ہے۔

نئی دلّی میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشنل پلاننگ اینڈ ایڈمنسٹریشن میں نیشنل سینٹر فار اسکول لیڈرشپ (NCSL) 2012 اس مقصد سے قائم کیا گیا تھا کہ ہیڈ ٹیچروں، اسکول سربراہوں، سرکاری اور سرکاری امداد یافتہ اسکولوں کے پرنسپلوں میں قائدانہ اہلیت پیدا کی جائے تاکہ وہ اپنے اسکولوں کو ''بہترین کارکردگی کے مراکز'' میں تبدیل کرسکیں۔ سینٹر کے ذریعہ تیار کردہ صلاحیت سازی کے اسکول لیڈرشپ پروگرام، صرف ایک مرتبہ کی تربیت کے اقدام نہیں ہیں بلکہ ان کا مقصد اسکول کے سربراہوں کے ساتھ ایک سال کے عرصے تک جامع طور پر مصروف رہنا ہے۔ یہ پروگرام اسکولی قیادت کے فروغ پر قومی نصاب تعلیم کے فریم ورک کے سات (7) اہم شعبوں کی بنیاد پر تیار کیا گیا ہے جس کا مقصد اسکول میں یکسر تبدیلی کے لیے اسکولی سربراہوں اور پرنسپل صاحبان کی علم، صلاحیت اور طرزِ عمل کی تعمیر کی جاسکے۔

میں اس پیکیج کو تیار کرنے میں این آئی ای پی اے ٹیم کی رہنمائی اور تعاون کے لیے پروفیسر این وی ورگیش کا شکر گذار ہوں۔ اس سلسلہ میں یکساں مفاہمت کے ساتھ کلاس روم کے منظر نامے کو بہتر بنانے کی خاطر اسکولی سربراہوں اور اساتذہ کے ساتھ مل کر کام کرنے میں این سی ای آر ٹی اور این آئی ای پی اے کے درمیان اشتراک مددگار رہوگا۔

مجھے امید ہے کہ یہ قیادتی پیکیج 21 صدی میں اسکولی سربراہوں اور نظام کی سطح پر کام کرنے والوں کی اہم تحریک میں مددگار رہوگا۔ اس میں بہتری کے لیے کسی بھی قسم کی رائے یا مشورہ director.ncert@nic.in اور ncsl@niepa.ac.in پر بھیجا جاسکتا ہے۔

نئی دلی
اگست 2019

ہرشی کیش سیناپتی
ڈائرکٹر
نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

# تمہید

اس بات کی ضرورت محسوس کی گئی ہے کہ طلبا مرکوز تدریسیات، اہلیت پرمبنی تدریس وآموزش، اسکول پرمبنی اندازۂ قدر وغیرہ کی اہمیت اور نفاذ کو سمجھنے میں اساتذہ کی مدد کی جائے۔ این سی ای آر ٹی کے ذریعہ 2017 میں طلبا کی اہلیت کو آنکنے کی خاطر درجہ سوم، پنجم، اور ہشتم کے لیے حصولیابی کے قومی سروے (NAS) کے نتائج سے بھی ان طلبا کی کامیابی کی سطح میں کمی آنے کا اظہار ہوتا ہے۔

امید کی جاتی ہے کہ اساتذہ کی صلاحیت سازی کے پروگراموں سے، جو بہت اہم اقدامات ہیں، ان سے نہ صرف متن اور تدریسیات کے بارے میں اساتذہ کو تازہ معلومات حاصل ہوگی بلکہ ان میں نئی ترجیحات اور اقدامات کے بارے میں بیداری بھی پیدا ہوگی۔ البتہ موجودہ دور میں دوران سروس اساتذہ کی تعلیم، عام طور پر صرف ایک مرتبہ کی جاتی ہے جس میں اس کے علاوہ اوپر سے نیچے کی جانب کئی سطحوں پر مشتمل تربیت کے موجودہ نظام میں اساتذہ تک پہنچنے والی معلومات کا بڑا حصہ بیچ میں ہی گم ہوجاتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اساتذہ اسکول کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے اقدامات نہیں کرپاتے۔ مزید یہ کہ عام طور سے زیادہ توجہ اساتذہ کی تربیت پر دی جاتی ہے جبکہ دیگر کارکنوں جیسے ہیڈ ٹیچر وغیرہ کی تربیت نہیں کی جاتی اس طرح اس حقیقت کو نظرانداز کردیا جاتا ہے کہ اسکول سے متعلق کسی بھی قسم کے اقدامات کو نافذ کرنے کے لیے ان کا تعاون بہت اہمیت رکھتا ہے۔ اس سے اکثر اسکول کے کارکنوں کے درمیان تفریق پیدا ہوجاتی ہے۔ اس لیے اس بات کو محسوس کیا گیا کہ اسکولی تعلیم میں حالیہ سروکار کے بارے میں، جیسے آموزگاروں پر مرکوز تدریسیات، آموزشی ماحصل، اسکول پرمبنی اندازۂ قدر اور مضامین کے لیے خاص تدریسیات کے بارے میں ریاستی سطح کے تعلیمی کارکنوں کی ساجھے داری میں ہر ایک استاد اور ہیڈ ٹیچر کی صلاحیت سازی کی ضرورت ہے۔ اس ماڈل کو تجرباتی طور پر ریاست تری پورہ میں کامیابی سے نافذ کیا گیا اور اسے پورے ملک تک توسیع دینے کا منصوبہ بنایا گیا۔

وزارت برائے فروغ انسانی وسائل (MHRD) میں سمگر شکشا کے پروجیکٹ مشاورتی بورڈ نے سال 2019-20 کے لیے تجویز کو منظوری دے دی ہے۔ اسے حکومت ہند کی وزارت برائے فروغ انسانی وسائل نے پورے ملک تک توسیع دینے کو منظور کرلیا ہے۔ این سی ای آر ٹی اور نیپا کے ذریعہ 42 لاکھ اساتذہ اور اسکول سربراہوں کی تربیت کے لیے وزارت برائے فروغ انسانی وسائل کی پہل نشٹھا (اسکول سربراہوں اور اساتذہ کی جامع ترقی کی قومی پہل) ایک قابل ستائش کوشش ہے۔ نشٹھا کی کئی منفرد خصوصیات ہیں جیسے مضامین اور تدریسیات کو مربوط کرنا، سماجی سروکار، قیادتی خصوصیات جن میں خاص طور پر اساتذہ، اسکول سربراہوں اور تعلیمی

کارکنوں پر توجہ مرکوز کی جائے جو ایک آن لائن ویب پورٹل کے ذریعہ یکساں تربیت اور امداد حاصل کر سکیں گے۔ اس کے علاوہ بعد کے مرحلے میں اسکول پر مبنی اندازۂ قدر کے ساتھ ساتھ این سی ای آر ٹی، نیشنل ایجوکیشنل پلاننگ اینڈ ایڈمنسٹریشن (NIEPA)، کیندریہ ودیالیہ سنگٹھن (KVs)، نوودیہ ودیالیہ سمیتی، سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن (CBSE) وغیرہ کے درمیان اشتراک کے ذریعہ تعاون حاصل کر سکیں گے۔

اگرچہ اسکولی قیادت کے فروغ کے پروگرام، بنیادی سطح پر ایک مثبت تبدیلی پیدا کر رہے ہیں لیکن اس میں جو اہم پہلو شامل نہیں ہے وہ ہے اسکولی لیڈروں کی تدریسیاتی امور اور سماجی سروکار سے واقف کرانے کا عمل موجود نہ ہونا۔ کسی اسکول کا سربراہ یا پرنسپل صرف اس وقت ہی اسکول کی قیادت کر سکتا ہے جب وہ تدریسیاتی امور کو سمجھتا ہو اور اسکول کے اندر اساتذہ اور طلبا کے ساتھ موثر ٹیم تیار کر سکتا ہو تبھی وہ اس کو اسکول کی چار دیواری سے باہر سماج کے ساتھ ربط کو مستحکم کر سکے گا۔ اسکول سربراہوں اور کلسٹر، بلاک اور ضلع کی سطح پر نظام میں کام کرنے والے کارکنوں کے درمیان رابطہ نہ ہونے کی وجہ سے اسکول سربراہ سمجھتے ہیں کہ اسکول میں یکسر تبدیلی کی جانب کوششوں میں نظام میں شامل کارکنوں کی پوری حمایت حاصل نہیں ہو رہی ہے۔ لیڈرشپ اقدامات کے نتیجے میں اس طرح کے سروکار تمام اسکولوں میں اصلاحات کے نفاذ میں رکاوٹ بنے ہیں۔

اس مسئلے کو نشٹھا میں حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور اب ہر اسکول کے سربراہ اور نظام کی سطح پر کام کرنے والے نہ صرف تدریسیاتی امور کے بارے میں بلکہ ان ترجیحات کے بارے میں بھی معلومات حاصل کر سکیں گے جن کا نفاذ اسکول سربراہوں کی ضرورت ہے۔ این سی ای آر ٹی نے قومی مرکز برائے اسکولی قیادت (NCSL) اور این آئی ای پی اے کے اشتراک میں اسکول سربراہوں اور نظام کی سطح کے کارکنوں کے لیے پانچ ماڈیولز پر مشتمل اسکولی قیادت کے فروغ کا پیکیج تیار کیا ہے جس میں مختلف موضوعات جیسے اسکولی قیادت، قبل از اسکول تعلیم، قبل از پیشہ ورانہ تعلیم، تدریس و آموزش کے عمل میں صنفی پہلو اور اسکولی تعلیم کے اقدامات شامل ہیں۔ این سی ایس ایل، این آئی ای پی اے اور این سی ای آر ٹی کے ذریعہ قیادت پر تیار کیے گئے سب سے پہلے ماڈیول میں سب سے زیادہ توجہ اسکول سربراہوں کو اس قابل بنانے پر دی گئی ہے کہ وہ اسکول کے معیار اور طلبا کی آموزش کو مزید بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے اسکول کی قیادت کر سکیں۔ باقی چار ماڈیولز این سی ای آر ٹی کی ٹیم نے تیار کیے ہیں۔ عملی سرگرمیوں پر مرکوز ماڈیولز میں گفتگو اور عملی تجربات کے ذریعہ اسکول سربراہوں اور نظام کی سطح کے کارکنوں میں علم، صلاحیت اور طرز عمل کو فروغ دینے کی کوشش کی گئی ہے اور ان میں آپسی تبادلہ خیال اور ردعمل کے اظہار کے بھی بہت سے مواقع فراہم کیے گئے ہیں۔

اس پیکیج کو اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ اسے ریاست کے کلیدی اساتذہ (RPs) لیڈرشپ (SRP-L)، اسکول سربراہوں اور نظام کی سطح کے کارکنوں کے ذریعہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

# اس تربیتی پیکیج کو کس طرح استعمال کریں

نشٹھا کو اساتذہ، ہیڈ ٹیچر اور نظام کی سطح کے کارکنوں سمیت تمام فریقوں کی ایک ہی جگہ جامع صلاحیت سازی پروگرام کے طور پر تیار کیا گیا ہے۔ اس سے تمام فریق اپنے اسکول میں مثبت تبدیلی کو نافذ کرنے کے بارے میں مل کر سوچنے اور تیار کرنے کے اہل ہوسکیں گے اور اس کے ساتھ ہی باہمی توقعات اور چیلنجوں کو سمجھ سکیں گے۔ اس تربیتی پروگرام کا مقصد طلبا کی آموزش اور آموزشی ماحصل کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے اسکولوں کا معیار بہتر بنانا ہے۔ اسکولی قیادت کے فروغ کا پیکیج قومی ریسورس گروپ (NRG) کے ارکان، اسٹیٹ ریسورس پرسن - لیڈرشپ (SRPs-L)، اسکول سربراہوں اور نظام کی سطح کے کارکنوں (کلسٹر / بلاک/ضلع سطح پر کام کرنے والوں) کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ ایس آر پیز-ایل میں تعلیمی تحقیق وتربیت کی ریاستی کونسل ایس آر پیز-ایل میں تعلیمی تحقیق وتربیت کی ریاستی کونسل (SCERTs)، تعلیمی بندوبست اور تربیت کے ریاستی ادارے (SIEMATs) تعلیم وتربیت کے تعلیمی ادارے (DIETs)، تعلیم کے ایڈوانس مطالعہ کے ادارے (IASEs) کیریئر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن (CTEs)، CRCs، BRCs اور سینئر سیکنڈری اسکولوں اور متعلقہ ریاستوں/مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے ذریعہ شناخت کردہ ایلیمنٹری اسکولوں کے اساتذہ یا فیکلٹی ارکان شامل ہوتے ہیں۔ نشٹھا پروگرام میں SRPs-L اہم رول ادا کرتے ہیں کیوں کہ وہ براہِ راست اسکول سربراہوں اور نظام کی سطح کے کارکنوں کی صلاحیت سازی کرتے ہیں۔

اس پیکیج کے مقاصد ہیں:

- ایس آر پیز-ایل (SRPs-L)، اسکول سربراہوں اور نظام کی سطح کے کارکنوں میں ضروری علم، صلاحیت اور طرزِ عمل کو فروغ دینا تاکہ وہ طلبا کی آموزش اور آموزشی ماحصل کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے اسکولوں کی قیادت کرسکیں۔
- اساتذہ اور نظام کی سطح کے کارکنوں کی مدد سے اسکول پر مبنی اندازۂ قدر نافذ کرنے کی خاطر اسکول سربراہوں کی تعلیمی قائد کے طور پر صلاحیت سازی کرنا۔
- تمام اہم مضامین میں ہر جماعت کے لیے مقررہ آموزشی ماحصل کے حصول کی غرض سے اساتذہ کی تعلیمی نگرانی کی صلاحیت اور علم میں اضافہ کرنا۔
- اسکولوں کے سربراہوں اور نظام کی سطح کے کارکنوں کے درمیان قبل از اسکول تعلیم، قبل از پیشہ ورانہ تعلیم، صنفی برابری اور اسکولی تعلیم کے اقدامات کی ضرورت اور اہمیت کے بارے میں مفاہمت کو فروغ دینا۔

اسکولی قیادت کے فروغ کے اس پیکیج کو دو حصوں میں پیش کیا گیا ہے۔ پہلے حصے میں پانچ ماڈیول شامل

ہیں۔ان ماڈیولز میں خاص توجہ اسکولی سربراہوں کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ اپنے اسکول میں تبدیلی لانے کی خاطر آغاز کرسکیں، اس کے لیے دوسروں کو تحریک دلاسکیں اور تبدیلی کے عمل کو آگے بڑھا سکیں اور ان سب کا مقصد طلبا کی آموزش پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے معیار کے مختلف پیمانوں میں اضافہ کرنا ہے۔اس پیکیج میں اساتذہ کی صلاحیت سازی کے لیے نشٹھا کے تحت تیار کردہ عمومی اور تدریسیاتی ماڈیولز کا حوالہ بھی شامل ہے۔ان ماڈیولز کی مطابقت کو اسکولی قیادت سے متعلق ماڈیول میں اسکولی سربراہوں اور نظام کی سطح کے کارکنوں کے تعلیمی نگرانی کے پہلوؤں کے ساتھ مربوط کیا گیا ہے۔دوسرے حصے میں ورکشاپ کے لائحہ عمل اور اس پیکیج کے اجلاس مرتب کیے گئے ہیں۔ورکشاپ کا پروگرام دو دن کے لیے ہوگا جس کا انعقاد اسکول ریسورس پرسن-لیڈرشپ (SRPs-L) کے ساتھ قومی ریسورس گروپ (NRG) کے ذریعہ کیا جائے گا۔اس بات کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے کہ این آر جی کے ارکان اجلاس سے پہلے، اجلاس کے انعقاد کے لیے تمام پانچ ماڈیول کا تفصیل سے مطالعہ کریں اور اس کے نوٹس تیار کریں۔اس کے علاوہ جب ایس آر پیز-ایل ہر ریاست/ مرکز کے زیر انتظام علاقے میں بلاک کی سطح پر اسکولی سربراہوں اور نظام کی سطح پر کام کرنے والے کارکنوں کی صلاحیت سازی کے پروگرام منعقد کریں تو انھیں اسکولی سربراہوں کی تعلیمی قیادت پر تفصیل سے توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔تعلیمی قیادت اس بات کو واضح کرتی ہے کہ اسکولی سربراہوں، اساتذہ کے ساتھ کس طرح تدریس و آموزش کے عمل سے متعلق زیادہ سمجھ حاصل کرتے ہیں اور اس علم کو طلبا کی آموزش میں بہتری کی خاطر کلاس روم کی سرگرمیوں کی نگرانی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔SRPs-L اسکولی سربراہوں میں ضروری صلاحیت اور طرز عمل کو فروغ دیتے ہیں تاکہ وہ زیادہ مؤثر نگرانی کرسکیں، اسکول میں آموزشی ماحول پیدا کرسکیں اور طلبا کی آموزش کے لیے اسکول پر مبنی اندازۂ قدر کی قیادت کرسکیں۔بلاک کی سطح پر اس پیکیج پر عمل کرنے کے دوران SRPs-L، قبل از اسکول، قبل از پیشہ ور تعلیم، صنفی برابری اور اسکولی تعلیم کے اقدامات کے بارے میں معلومات کو مربوط کریں گے۔اس بات کی بھی ویب سائٹ کے حوالوں سمیت مختلف حوالہ جات کے بارے میں بتائیں گے۔

## اس پیکیج میں تسہیل کار کی اصطلاح کا استعمال (NRGs اور SRPs-L)

یہ پیکیج ان NRG اور SRPs-L کے استعمال کے لیے تیار کیا گیا ہے جو تسہیل کار ہیں۔نشٹھا کے لیے صلاحیت سازی کی ورکشاپ دو سطحوں پر منعقد کی جائے گی۔قومی ریسورس گروپ کے ارکان کے ذریعہ ریاستی ریسورس گروپوں کی صلاحیت سازی پہلی سطح ہے۔ ریاستی ریسورس گروپ، ریاست/ یوٹی کی سطح پر تشکیل دیے جائیں گے۔ ریاستی ریسورس گروپ میں کلیدی ریسورس پرسن (KRPs) اور ریاستی ریسورس پرسن-لیڈرشپ (SRPs-L) پر مشتمل ہوں گے۔دوسری سطح پر ریاستی ریسورس گروپ ملک گیر سطح پر اساتذہ، ہیڈ ٹیچروں اور نظام کی سطح کے کارکنوں کی صلاحیت سازی کا کام کریں گے۔ریاستی ریسورس گروپ کے اندر، KRPs، اساتذہ کی صلاحیت سازی کا کام کریں گے اور SRPs-L، اسکولی سربراہوں اور نظام کی سطح کے کارکنوں کی صلاحیت

سازی کریں گے۔

## تسہیل کاروں کے لیے قابل ذکر امور

تسہیل کاروں کو اسکولی تعلیم کا معیار بہتر بنانے کی خاطر اسکولی قیادت کے فروغ کے مقصد سے اور متن کو سمجھنے کے لیے اس پیکیج کا تفصیل سے مطالعہ کرنے کی ضرورت ہے۔ اس بات کی سفارش کی جاتی ہے کہ پہلے قدم کے طور پر تسہیل کاروں کو ہر ماڈیول کا مطالعہ کرنا چاہیے اور کچھ یادداشتیں تیار کرنی چاہئیں تاکہ جب وہ ورکشاپ کا انعقاد کریں تو اجلاس کے دوران ماڈیولز کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا جا سکے۔ اجلاس کو اس طرح تیار کیا گیا ہے اور اس میں ایسی سرگرمیاں شامل ہیں جو ماڈیول میں دیئے گئے معاملات پر تفصیل سے تبادلہ خیال کے لیے صرف آغاز کے نکتے فراہم کرتی ہیں۔ تسہیل کار کو اس بات کی آزادی حاصل ہوتی ہے کہ وہ اجلاس کے لیے دی گئی سرگرمیوں میں کس کا انتخاب کریں یا ان سرگرمیوں کو منتخب کرے جو متعلقہ ماڈیول میں دی گئی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ڈیزائن کے اجلاس کی سرگرمیاں بھی انھیں ماڈیول سے لی گئی ہیں۔

یہ بات اہم ہے کہ SRPs-L کو چاہیے کہ ان سبھی ہیڈ ٹیچروں، اساتذہ اور نظام کی سطح کے کارکنوں کو جو صلاحیت سازی اور تربیتی پروگرام میں شرکت کریں نشٹھا کے لیے تیار کردہ ماڈیول کے ویب لنک فراہم کریں۔ اس سے ہیڈ ٹیچر، اساتذہ اور نظام کی سطح کے کارکن ماڈیول کو ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے اور انھیں اپنی سہولت کے ساتھ پڑھ سکیں گے۔ ان ماڈیول میں خود آموز مواد موجود ہے جس کا مطالعہ ہیڈ ٹیچر اور نظام کی سطح کے کارکن مزید وضاحت حاصل کرنے اور انھیں اسکول میں نافذ کرنے کے لیے کر سکتے ہیں۔

## اسکول سربراہ اور نظام کی سطح کے کارکن کون ہوتے ہیں؟

اسکول سربراہ یا ہیڈ ٹیچر، کسی ایلیمنٹری سطح کے اسکول (پرائمری، اپر پرائمری، مشترکہ) کے ہیڈ کی پوزیشن پر اسکول کا سب سے سینئر ٹیچر انچارج ہوتا ہے۔ اس لیے ہیڈ ٹیچر کوئی مستقل ہیڈ یا انچارج ہو سکتا ہے۔ نظام کی سطح کے کارکن سے مراد بنیادی تعلیم کے لیے کسی کلسٹر، بلاک اور ضلعی سطح پر تعلیم سے جڑے تمام کارکن ہوتے ہیں۔ پیکیج میں استعمال کی گئی یہ اصطلاح صرف نشاندہی کے لیے ہے کیوں کہ مختلف ریاستوں/ مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں ان کارکنوں کو الگ الگ ناموں سے پکارا جاتا ہے۔

**سی آر سی** — کلسٹر ریسورس کوآرڈینیٹر

**بی آر سی/ اے بی آر سی** — بلاک ریسورس کوآرڈینیٹر/ اسسٹنٹ بلاک ریسورس کوآرڈینیٹر

**بی ای او/ اے بی ای او** — بلاک ایجوکیشن آفیسر/ اسسٹنٹ بلاک ایجوکیشن آفیسر

**ڈی ای او** — ضلع ایجوکیشن آفیسر

## سیکشن I : ماڈیول

اس سیکشن میں پانچ ماڈیولز ہیں جو SRPs-L، اسکول سربراہوں اور نظام کی سطح کے کارکنوں کے لیے تیار کیے گئے ہیں۔تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں۔

### ماڈیول 1: اسکولی قیادت؛ تصور اور اطلاق

یہ ماڈیول ایسے موضوعات اور متن پر مشتمل ہے جن میں اسکول سربراہوں، اساتذہ اور نظام کی سطح کے کارکنوں کی اسکولی قیادت کے بارے میں معلومات، صلاحیت اور طرزِ عمل پر توجہ مرکوز کی گئی جس کا مقصد اسکولوں میں تعلیم کی نگرانی اور آموزشی کلچر کو فروغ دینا ہے۔اس مندرجہ ذیل سوالوں کا حل فراہم ہوتا ہے۔

- ایک مؤثر اسکول لیڈر کی کیا خصوصیات ہوتی ہیں؟ سرگرم لیڈر سے ہماری کیا مراد ہے؟
- ایک اسکول لیڈر کے کیا کیا مختلف کردار اور ذمہ داریاں ہیں؟ ایک اسکول سربراہ کے لیے ایک تعلیمی لیڈر کے رول کی کیا اہمیت ہے؟
- ایک اسکول لیڈر کے لیے تعلیمی قیادت کیا اہمیت رکھتی ہے؟
- ایک اسکول لیڈر طلبا کی آموزش اور ان کے آموزشی ماحصل میں اضافے کے لیے اسکول اور کلاس روم میں تعلیمی عمل کی کس طرح نگرانی کر سکتا ہے؟
- ایک اسکول لیڈر طلبا کی آموزش اور آموزشی ماحصل کو بہتر بنانے کے لیے اسکول میں اشتراک پر مبنی آموزشی ماحول کس طرح تیار کر سکتا ہے؟
- اسکول کی ترقی کا منصوبہ کیا ہے اور اسے اسکول میں یکسر تبدیلی کے لیے کس طرح استعمال کیا جا سکتا ہے؟

### ماڈیول 2: قبل از اسکولی تعلیم

یہ ماڈیول مندرجہ ذیل امور کا حل پیش کرتا ہے:

- قبل از اسکول اور اسکول سے پہلے کے عمل سے متعلق مناسب ترقیاتی عمل اور تدریسیات کیا ہے؟
- قبل از اسکول تعلیم کس طرح اس بات کو یقینی بنانے کے لیے بنیاد فراہم کر سکتی ہے کہ تمام بچے عمر بھر آموزش کے لیے مضبوط بنیاد تیار کر سکیں اور پرائمری اسکول میں بلا رکاوٹ داخل ہو سکیں؟
- بچوں کی زندگی کے پہلے چھ سال سے متعلق، خاص طور پر ان کے فروغ، ترقی اور آموزشی ضروریات کے بارے میں معلومات کے اہم پہلو کیا ہے؟
- اسکول میں داخلے سے پہلے بچوں میں الفاظ اور ہندسوں کی پہچان کو فروغ دینے میں استاد کو تعاون فراہم کرنے میں اسکول سربراہ ایک تعلیمی لیڈر کے طور پر کیا رول ادا کر سکتا ہے؟

## ماڈیول3: اسکولوں میں قبل از پیشہ ورانہ تعلیم

اس ماڈیول میں مندرجہ ذیل امور پر بحث کی گئی ہے:

- تعلیم کو پیشہ ورانہ بنانے، خاص طور پر چھٹی جماعت سے آٹھویں جماعت تک پیشہ ورانہ تربیت سے پہلے کی تعلیم کے کیا معنی ہیں؟
- ایک اسکول لیڈر کس طرح پیشہ ورانہ تربیت سے پہلے کی تعلیم کے ذریعہ طلبا کو تیار کرسکتا ہے اور 21ویں صدی کے لیے درکار ہنرمند افرادی قوت تشکیل دینے میں تعاون کرسکتا ہے؟
- ایک اسکول لیڈر اسکول میں ایسی کون سی سرگرمیاں شروع کرسکتا ہے جن سے بچوں کو تعلیم مکمل ہونے کے بعد بہت سے دستیاب متبادل کے بارے میں معلومات ہوسکے؟
- ایک اسکول لیڈر اساتذہ کے ساتھ مل کر کس طرح بچوں میں کام کی قدر اور محنت کا وقار پیدا کرسکتا ہے اور بچوں میں اعتماد پیدا کرسکتا ہے؟

## ماڈیول4: تدریس و آموزش کے عمل میں صنفی پہلو کی موزونیت

اس ماڈیول میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- اسکول اور کلاس روم میں سرگرمیوں میں صنفی حساسیت پیدا کرنے کے کیا معنی ہیں؟
- اسکول لیڈر اور اساتذہ اسکول میں کس طرح ایسا ماحول تیار کرسکتے ہیں جو صنفی برابری کی بنیاد پر تعلیم کو جمہوری بنانے پر مرکوز ہو؟
- صنفی برابری کے خطوط پر خود اپنے، اساتذہ اور عملے کے دیگر افراد کے طرز عمل، عقیدوں اور رویہ میں تبدیلی پیدا کرنے کے بارے میں اسکول لیڈر کا کیا کردار ہے؟
- ایک اسکول لیڈر کس طرح اس بات کی تحریک دلاسکتا ہے اور یقینی بنا سکتا ہے کہ اساتذہ کلاس روم اور تدریسی عمل میں صنفی پہلوؤں سے آگاہ رہیں؟
- اسکول لیڈر اور نظام کی سطح کے کارکن کس طرح داخلے اور اسکول میں پڑھائی جاری رکھنے میں صنفی تفریق کو کم کرسکتے ہیں اور سبھی کو برابر کے آموزشی مواقع کی فراہمی کو یقینی بنا سکتے ہیں؟

## ماڈیول5: اسکولی تعلیم میں پیش قدمی

یہ ماڈیول مندرجہ ذیل امور کے بارے میں ہے:

- اسکولی لیڈروں اور نظام کی سطح کے کارکنوں کو اسکولی تعلیمی کے موجودہ اقدامات، جیسے کارکردگی کی درجہ بندی

کا اشاریہ (پی جی آئی)، یوڈی آئی ایس ای پلس اور سمگر شکشا کے مختلف اجزا کے بارے میں کیا جاننا ضروری ہے؟

- اسکولی لیڈر اور نظام کی سطح کے کارکن اسکولوں میں معیار کو بہتر بنانے کے لیے سمگر شکشا کے مختلف اجزا کو کس طرح نافذ کر سکتے ہیں؟

## سیکشن II: ورکشاپ کی ترتیب اور اجلاس کا ڈیزائن

یہ سیکشن اسکول سربراہوں اور نظام کی سطح کے کارکنوں کے لیے نشٹھا تربیت کے لیے ورکشاپ کی ترتیب فراہم کرتا ہے۔ یہ ورکشاپ ایس آر پیز-ایل کے ساتھ این آر جی کے ذریعہ منعقد کی جائے گی۔ اس بات کی سفارش کی جاتی ہے کہ ورکشاپ کے دوران، کم از کم دن کے پہلے نصف میں، کے آر پیز (ٹیچر ٹریننگ کے لیے کلیدی ریسورس پرسن) ایس آر پیز-ایل کے ساتھ موجود رہیں تا کہ ایک جامع گروپ کے طور پر وہ اسکولی قیادت کے کلیدی پہلوؤں سے آشنا ہوسکیں۔ ایس آر پیز-ایل جب بلاکوں میں مزید تربیت دیں گے تو اس وقت اساتذہ، اسکول سربراہوں اور نظام کی سطح کے کارکنوں کا مشترکہ گروپ موجود ہوگا۔ جیسا کہ پہلے کیا جا چکا ہے، ایس آر پیز-ایل کو قبل از اسکول، قبل از پیشہ ورانہ تعلیم اور اسکولی تعلیم میں اقدامات کے حوالے سے طلبا کی آموزش کو بہتر بنانے کی خاطر بنیادی طور پر تعلیمی قیادت پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔

### اہم ویب لنکس

Ministry of Human Resource and Development: GoI: https://mhrd.gov.in/

NISHTHA: https://itpd.ncert.gov.in//

National Council for Educational Research and Training: http://www.ncert.nic.in/

National Institute of Educational Planning and Administration: http://niepa.ac.in/New/

National Centre for School Leadership (NCSL) at NIEPA: http://ncsl.niepa.ac.in/

Online Programme on School Leadership and Management: http://pslm.niepa.ac.in/

# ڈیولپمنٹ اراکین

اے۔ کے۔ راجپوت، پروفیسر، ڈی ای ای، این آئی ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
چارو سمیتا ملک، سینئر کنسلٹنٹ، این سی ایس ایل، این آئی ای پی اے، نئی دہلی
اندو کمار، پروفیسر، سی آئی ای ٹی، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
کشیپ اوستھی، اسسٹنٹ پروفیسر، سی آئی ای ٹی، این آئی ای پی اے، نئی دہلی
لکشمی دھر بہرا، ایسوسی ایٹ پروفیسر، آر آئی ای، بھوبنیشور، اڈیشہ
ملی رائے آنند، پروفیسر، ڈی جی ایس، این آئی ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
مونا یادو، پروفیسر، ڈی جی ایس، این آئی ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
این میتھلی، اسسٹنٹ پروفیسر، این سی ایس ایل، این آئی ای پی اے، نئی دہلی
پدما یادو، ایسوسی ایٹ پروفیسر، ڈی ای ای، این آئی ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
پنکی کھنہ، ایسوسی ایٹ پروفیسر، پی ایس ایس آئی وی ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
پرمیلا تنور، ایسوسی ایٹ پروفیسر، ڈی ای ایس ایم، این آئی ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
رنجنا اروڑہ، پروفیسر، ڈی سی ایس، این آئی ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
رشمی دیوان، پروفیسر اینڈ ہیڈ، این سی ایس ایل، این آئی ای پی اے، نئی دہلی
آر۔ کے۔ پاٹھک، ایسوسی ایٹ پروفیسر، پی ایس ایس آئی وی ای، این سی ای آر ٹی، بھوپال
رشمی سونی، پروفیسر، ڈی ای ای، این آئی ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
سبیتھا جی ایس، اسسٹنٹ پروفیسر، این سی ایس ایل، این آئی ای پی اے، نئی دہلی
سنیتا چوگ، ایسوسی ایٹ پروفیسر، این سی ایس ایل، این آئی ای پی اے، نئی دہلی
سنیتی سانوال، پروفیسر، ڈی ای ای، این آئی ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
اوشا شرما، پروفیسر، ڈی ای ای، این آئی ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
وردا ایم۔ نکالجے، پروفیسر، ڈی ای ای، این آئی ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
وی ایس مہروترا، پروفیسر، پی ایس ایس سی آئی وی ای، این سی ای آر ٹی، بھوپال

# اظہار تشکر

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، وزارت برائے فروغ انسانی وسائل کے ساتھ ساتھ رینا رے، سکریٹری وزارت برائے فروغ انسانی وسائل، منیش گرگ جوائنٹ سکریٹری، ڈی ایس ای اینڈ ایل، وزارت برائے فروغ انسانی وسائل، رشی شرما، ڈائرکٹر ڈی ای ایس اینڈ ایل، وزارت برائے فروغ انسانی وسائل، تارا نوریم، چیف کنسلٹنٹ ڈی ایس ای اینڈ ایل، پوربی پٹنایک سینئر کنسلٹنٹ DSE&L، MHRD اور پرگیا شرما ینگ پروفیشنل DSE&L، MHRD کی خاص طور پر ممنون و شکر گزار ہے جنھوں نے ملک بھر میں مڈ ڈے میل پروگرام کے تحت اسکولی تعلیم میں اقدامات کی ساجھے داری کی اور اپنا تعاون پیش کیا۔

کونسل صمیم قلب سے این وی ورگیز وائس چانسلر نیپا اور ان کی NCSL ٹیم کی بھی شکر گزار ہے جنھوں نے قیادت کے موضوع پر اس پیکیج کے لیے اپنا تعاون پیش کیا۔ نیز سربراہان اسکول اور دیگر ملازمین کی سطح کے نظام پر مرکوز پیکیج کی ڈیزائننگ کی۔

اسکولی قیادت کے فروغ کے موضوع پر یہ پیکیج قومی مرکز برائے اسکولی قیادت، نیپا اور این سی ای آر ٹی فیکلٹی کی مساعی کا مشترکہ ثمرہ ہے۔ کونسل تمام ریاستوں، مرکز کے زیر انتظام خطوں، کیندریہ ودیالیہ سنگٹھن، نوادوے ودیالیہ سنگٹھن، سی بی ایس ای اور کچھ پرائیویٹ اسکولوں جیسے سنسکرت اسکول، ڈی پی ایس، مدرس انٹرنیشنل اسکول وغیرہ اور کچھ این جی او جیسے عظیم جی فاؤنڈیشن، کیولیہ ایجوکیشن فاؤنڈیشن، ٹاٹا ٹرسٹ اور اوروبندو سوسائٹی کی طرف سے موصول ہونے والی باز رسی اور تجاویز کے لیے بھی سپاس گزار ہے۔ ان سب کی تجاویز سے ان ماڈیولز میں بہتری لانے کے لیے این سی ای آر ٹی اور نیپا کی بہت مدد کی ہے۔

کونسل پون سدھیر پروفیسر اور ہیڈ ڈی ای اے اے کی بھی شکر گزار ہے جنھوں نے اس پیکیج کے سرورق کا ڈیزائن تیار کیا۔

سوما چندرا اسسٹنٹ ایڈیٹر (کنٹریکچول) اور سریندر کمار ڈی ٹی پی آپریٹر، محمد عاطر ڈی ٹی پی (کانٹریکچول) بھی شکریے کے مستحق ہیں جن کی کوششوں سے یہ پیکیج اس شکل میں آپ کے ہاتھوں تک پہنچا۔ کونسل پبلی کیشن شعبہ اور ان کے تمام معاون اسٹاف کی بھی مرہون منت ہے۔

اس تربیتی پیکیج کے اردو ترجمہ کے لیے منعقد دونوں ورکشاپ کے شرکا میں ڈاکٹر شباہت حسین، ڈاکٹر ذاکر حسین میموریل اسکول، جعفرآباد، دہلی؛ شری عارف حسن کاظمی، جعفرآباد، دہلی؛ شری ارشد گوڑ، میور وہار، دہلی؛ شری وسیم احمد، جامعہ نگر، نئی دہلی؛ شری افتخار علی، گلی قاسم جان، دہلی؛ دیوان حنان خاں، پروفیسر، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن ان لینگویجز، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی؛ محمد فاروق انصاری، پروفیسر و پروگرام کوآرڈینیٹر، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن ان لینگویجز، این سی ای آر ٹی نئی دہلی کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔ اس کتاب کی تیاری میں ڈی ٹی پی آپریٹر شری شبیر احمد اور ریاض احمد نے بڑی جانفشانی سے کام کیا ہے، کونسل ان کی ممنون ہے۔

# ترتیب


| | |
|---|---|
| پیش لفظ | *iii* |
| تمہید | *v* |
| اس تربیتی پیکیج کو کس طرح استعمال کریں | *vii* |
| **سیکشن I: ماڈیول** | **1-140** |
| ماڈیول 1 — اسکولی قیادت، تصورات اور اطلاقات | 3 |
| ماڈیول 2 — قبل از اسکول تعلیم | 43 |
| ماڈیول 3 — اسکولوں میں قبل از پیشہ ورانہ تعلیم | 70 |
| ماڈیول 4 — تدریس و آموزش کے عمل میں صنفی پہلوؤں کی معنویت | 97 |
| ماڈیول 5 — اسکولی تعلیم میں بہتری کے اقدامات | 113 |
| **سیکشن II: ورکشاپ کا شیڈول اور نشست کا خاکہ** | **141-176** |

تدریس کا مقصد تشریح کرنا نہیں ہے
بلکہ ذہن کے دریچوں پر دستک دینا ہے۔

— رابندر ناتھ ٹیگور